| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | 0 | 0 | 2 | 4 |

# اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

## وقت: 25 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** _____

**Invigilator Sign.** _____

**Candidate Sign.** _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | کسی موضوع پر مدلل انداز میں نثری اظہار خیال کیا کہلاتا ہے؟ | افسانہ | آپ بیتی | مضمون | روداد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2. | وقفہ سے کیا مراد ہے؟ | تھوڑا ٹھہراؤ | مکمل ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | جملوں کو ملانا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3. | کون سے جملے میں "جانا" مصدر بطور امدادی فعل استعمال ہوا ہے؟ | کیا وہ سکول جاتا ہے؟ | گھر جاؤ اور آرام کرو | آم کھاتے جاؤ | جاؤ! سونے دو | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4. | قومی ترانہ کا ہر بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہے۔ یہ ایک _____ ہے۔ | ترجیع بند | مخمس | مسدس | مثنوی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5. | غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟ | مقطع | حسن مقطع | حُسن مطلع | مطلع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6. | ترکیب لفظی کی مثال ہے: | چشم و چراغ | چشم و دل | چشمِ آہو | چشم کُشا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7. | اس قدر شوخ کہ اللہ سے بھی برہم ہے / تھا جو مسجودِ ملائک یہ وہی آدم ہے — اس شعر کا ردیف ہے: | وہی آدم ہے | آدم ہے | آدم | ہے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8. | مظروف کہ کر ظرف مراد لینا کس کی مثال ہے؟ | تشبیہ | مجاز مرسل | کنایہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9. | "کار تیزی سے گزر گئی"۔ جملہ مثال ہے: | متعلق فعل | فعل حال | فعل ناقص | فعل مستقبل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10. | علامت "؟" ہے: | وقفہ کی | استفہامیہ کی | ختمہ کی | سکتہ کی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11. | "بہتا پانی رُک گیا"۔ اس جملے میں اصل فعل کیا ہے؟ | پانی | بہتا | رُک | گیا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12. | "ملتانی مٹی" کس صفت کی مثال ہے؟ | صفتِ ذات | صفتِ بعض | صفتِ کُل | صفتِ نسبتی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13. | ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل "مقاماتِ آہ فغاں اور بھی ہیں" — اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | صنعتِ تضمین | صنعت تلمیح | صنعتِ تضاد | صنعتِ تکرار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14. | غ پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے یہ مصرع _____ کی مثال ہے: | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15. | میں نے موٹر کار۔۔۔۔۔۔ | خریدیں | خریدی | خریدے | خریدوں | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 16. | "شان و شکوہ" کون سا مرکب ہے؟ | مرکبِ توصیفی | مرکبِ تام | مرکبِ اضافی | مرکبِ عطفی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 17. | میں نے اُسے بہت روکا _____ وہ چلا گیا۔ | مگر | افسوس | جب کہ | زبردستی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 18. | "چمن اُجڑ گیا آندھیاں آتے آتے" یہ مصرعہ مثال ہے۔ | صنعتِ تضاد | صنعتِ تکرار | صنعتِ مراعاۃ النظیر | صنعت تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 19. | کسی مشترک خوبی کی وجہ سے ایک چیز کو دوسری چیز قرار دے دینا کیا کہلاتا ہے؟ | کنایہ | استعارہ | محاورہ | تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 20. | کنایہ کی مشہور قسمیں کتنی ہیں؟ | دو | تین | چار | پانچ | ○ | ○ | ○ | ○ |

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:

**پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** **(5 x 3 = 15)**

زمانے کے ہاتھوں ان کی طبیعت میں ایک دوسرا انقلاب یہ بھی ہو گیا تھا کہ جتنی اُن کی نگاہ وسیع ہوئی، اتنا ہی اُن کا دل تنگ ہوا۔ جتنی اُن کے قلم میں روانی پیدا ہوئی، اُتنی ہی اُن کی مٹھی بند ہوئی۔ میں ان کے پیٹھ پیچھے نہیں کہتا۔ جب اُن کے منہ پر کہہ چکا ہوں کہ مولوی صاحب، آپ کی کفایت شعاری نے بڑھتے بڑھتے کنجوسی کی شکل اختیار کر لی ہے، تو اب لکھتے کیوں ڈروں۔ واقعی بڑے کنجوس تھے۔ ہزاروں روپے کے گریڈ میں تھے۔ دارالترجمہ سے بہت کچھ مل جاتا تھا۔ مگر خرچ کی پوچھو تو صفر سے کچھ ہی زیادہ ہو گا۔ اُن کی صراحت، میں آگے چل کر کروں گا، ہاں! اُن کا یہ عذر سب کو ماننا پڑے گا کہ مفلسی کے پے در پے حملوں نے اُن کی آنکھیں کھول دی تھیں۔ اُن کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ وہ اس خدمت پر کب تک ہیں اور کب نکال دیے جائیں گے۔

**سوالات:**

(i) مرزا کی تنگ دِلی کے پیچھے کیا وجہ تھی؟

(ii) 'مُٹھی بند ہونے' سے کیا مراد ہے؟

(iii) مصنف، مرزا صاحب کے بارے میں کیا لکھتے ہوئے نہیں ڈرتے؟

(iv) مرزا صاحب کی آمدنی اور خرچ میں کیا تناسب تھا؟ **یا** اس پیراگراف کا مرکزی خیال لکھیں۔

(v) اس پیراگراف کا خلاصہ لکھیں۔ **یا** مرزا صاحب کو کس بات کا خوف رہتا تھا؟

ب۔ حصہ نظم:

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** **(3 x 3 = 09)**

سپاہیانہ زندگی جو قسمتِ سعید ہے — تو رزم گہ کی موت بھی سپاہیانہ عید ہے
جیا تو فخرِ قوم ہے، مرا تو وہ شہید ہے — سروں سے باندھ کر کفن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دِلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

**سوالات:**

(i) شاعر نے کیسی زندگی کو خوش قسمت (قسمتِ سعید) قرار دیا ہے؟

(ii) 'رزم گہ کی موت' سے کیا مراد ہے؟

(iii) وطن کی خاطر جینے اور مرنے پر کیا خطابات ملتے ہیں؟ **یا** اس نظم کا مرکزی خیال لکھیں۔

**(یا)**

آج ہوئے سپنے میں درشن، آج تو میری تباہی ہے — چاند کا نور بھی آج نگاہوں میں گیسو کی سیاہی ہے
بھیگی رات میں آنکھ کھلی ہے، کیسا چُپ کا جادُو ہے — لو ، آکاش پہ تارا ٹوٹا، تارا ہے یا آنسو ہے؟
میں ہوں اور نہیں ہے کوئی، کوئی نہیں! تنہائی ہے
رات دُلہن بن کر پھر کس کے دل کو رُجھانے آئی ہے

**سوالات:**

(i) شاعر کو تباہی کا ڈر کیوں محسوس ہو رہا تھا؟

(ii) تارے اور آنسو میں کیا مشابہت ہے؟

(iii) "میں ہوں اور نہیں ہے کوئی، کوئی نہیں! تنہائی ہے" اس مصرعے کی وضاحت کریں۔ **یا** اس نظم کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ج) حصہ غزل:

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) نہ سہی مگر اتنا تو کیا کرتے تھے
وہ مجھے دیکھ کے پہچان لیا کرتے تھے

(ii) ہو رہا جو، اِسی طرح سے ہونا تھا یہاں
اس لیے ہم نے کسی بات پہ حیرت نہیں کی

(iii) آکے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے
جتنے اس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے

سوالات:

(i) شاعر نے اپنے محبوب کی کس سابقہ خوبی کا ذکر کیا ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) دوسرے شعر میں شاعر کو کسی بات پہ حیرت کیوں نہیں ہوتی؟ (بحوالہ شعر ii) یا تیسرے شعر میں شاعر کے حصّے میں کیا آیا؟ (بحوالہ شعر iii)

(د) حصہ قواعد:

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) مجاز مُرسل سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیں۔

(ii) مقطع کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال دیں۔ یا افسانے سے کیا مراد ہے؟

## حصہ سوئم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۳: درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

اس سنگِ مرمر کے ٹکڑے پر اپنا نام کھدا ہو دیکھ کر اُسے ایک عجیب خوشی محسوس ہوئی۔ زندگی میں شاید یہ پہلا موقع تھا کہ کہ اس نے اپنا نام اس قدر جلی حروف میں لکھا ہوا دیکھا تھا۔ سنگ تراش کی دکان سے روانہ ہُوا تو بازار میں کئی مرتبہ اس کا جی چاہا کہ کتبے پر سے اُس اخبار کو اُتار ڈالے جس میں سنگ تراش نے اِسے لپیٹ دیا تھا اور اس پر ایک نظر اور ڈال لے مگر ہر بار ایک نامعلوم حجاب جیسے اس کا ہاتھ پکڑ لیتا شاید وہ راہ چلتوں کی نگاہ سے ڈرتا تھا کہ کہیں وہ اس کتبے کو دیکھ کر اس کے ان خیالات کو بھانپ جائیں جو پچھلے کئی دنوں سے اس کے دماغ پر مسلط تھے۔

یا

تعلیم کا یہ دوسرا دور عجیب دلچسپیوں سے بھرا ہے دیکھو دریائے سندھ کے کنارے تک اسلام حکومت کر رہا ہے سینکڑوں قبیلے ریگستانِ عرب سے نکل کر دور دراز ملکوں میں آباد ہوتے جاتے ہیں۔ بہت سی قومیں، دِلی ذوق سے اسلام کے حلقے میں داخل ہو رہی ہیں۔ لیکن اب تک اس وسیع دنیا میں سلطنت کی طرف سے نہ کوئی سررشتۂ تعلیم ہے نہ یونیورسٹیاں ہیں نہ مدرسے ہیں۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (06)

وہ پھیلنا خوش بُو کا ، وہ کلیوں کا چٹکنا
وہ چاندنی مدھم، وہ سمندر کا جھلکنا
وہ چھاؤں میں تاروں کی گلِ تر کا مہکنا
وہ جھومنا سبزے کا، وہ کھیتوں کا لہکنا
شاخوں سے ملی جاتی، ہیں شاخیں وہ اثر ہے
کہتی ہے نسیم سحری "عیدِ سحر ہے"

بے جان و جان دار کی بنیاد ایک ہے
ارض و سما کی علّتِ ایجاد ایک ہے
بُت سینکڑوں ہیں حُسنِ خداداد ایک ہے
سب دل الگ الگ ہیں مگر یاد ایک ہے
یکساں ہے مال، گو ہیں دُکانیں جُدا جُدا
معنی ہیں سب کے ایک زبانیں جُدا جُدا

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

مِل کے بیٹھے نہیں، خوابوں میں شراکت نہیں کی
اور کیا رشتہ ہو تجھ سے ، جو محبت نہیں کی
یہیں پھرتے ہیں شریف آدمیوں کی صُورت
دشت میں خاک اُڑائی نہیں، وحشت نہیں کی
خاص ہم سے تو کوئی تھا ہی نہیں، تیرا سلوک
اور ہم نے بھی ترے ساتھ، رعایت نہیں کی

مجھے گرنا ہے تو میں اپنے ہی قدموں میں گِروں
جس طرح سایۂ دیوار پہ دیوار گرے
تیرگی چھوڑ گئے دل میں، اُجالے کے خطوط
یہ ستارے میرے گھر ٹوٹ کے، بےکار گرے
دیکھ کر اپنے در و بام لرز جاتا ہوں
مرے ہمسائے میں جب بھی کوئی دیوار گرے

سوال نمبر ۶۔ اپنے کالج میں ہونے والی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کریں۔ (08)

(یا)

ایک پرانے "کوٹ" کی آپ بیتی لکھیں۔

سوال نمبر ۷۔ کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ حُب الوطنی ب۔ سائنس اور ہماری زندگی

ج۔ آزادی بہت بڑی نعمت ہے د۔ میری پسندیدہ ادبی کتاب